بسم الله الرحمن الرحيم

درس:۱۸

عنوان: امام کے صفات

علماءشیعہ کے نزدیک امامؑ کی خصوصیات:

۱)منصوص من الله: یعنی اللہ کی جانب سے واضح طور پر معین ہو۔

۲)معصوم عن الخطأ: ہر طرح کی خطاؤں اور گناہوں سے محفوظ ہو۔

۳)مفترض الطاعة: ان کی اطاعت بغیر چوں وچرا کے واجب ہو۔

(سوال)امامؑ کا معصوم ہونا کیوں ضروری ہے؟

(جواب)امامؑ کا معصوم ہونا اس لئے ضروری ہے کہ

۱-ایک طرف وہ انسان کو حقیقی سعادت تک پہنچا سکے تو دوسری طرف ایک اطمینان واعتماد کا رابطہ قائم ہو سکے

۲-اگر امامؑ گناہ گار ہو (یعنی خداوند عالم سے دور ہو) تو نقض غرض لازم آتی ہے (یعنی کہ پھر وہ کس طرح لوگوں کو خدا سے قریب کرے گا)

۳-وہ تعلیم وتربیت کا ذمہ دار ہے اور اگر وہ خود تعلیم یافتہ اور تربیت یافتہ نہ ہو اس سے بھی نقض غرض لازم آتی ہے

۴-وہ حجت الہی اور نمونہ عمل ہے۔

امام کی صفات:

۱)عصمت

۲)علم

۳)شجاعت

۴)زہد

۵)جاذبیت

۶)معجزہ

نوٹ: یہ تمام صفات اسکے اندر اپنے عروج پر ہونے چاہیئے۔